SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
September 5, 2016

# SECPs awareness seminar on Draft Companies Bill, 2016 salient features explained

ISLAMABAD, September 5: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) organized a national level seminar on the draft Companies Bill, 2016 on September 5, 2016 in Karachi. The event was chaired by Senator Mohammad Ishaq Dar, Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization as the Chief Guest.

The Finance Minister while addressing the participants of the event, appreciated the work done by SECP and congratulated the Chairman SECP Mr. Zafar Hijazi in initiating and working towards conclusion of a long expected law which would be beneficial not only for the SECP and the stakeholders but would also have a positive impact on the economy of Pakistan. The Minister said that Pakistan has achieved economic turnaround, the GDP achieved a 4.24 percent growth in 2015, the highest in the last seven years. He also emphasized the need for a continued review of the corporate laws administered by SECP and advised the top management at SECP to continue with reforms in accordance with the best international practices and not hesitate in bringing positive changes.

The Finance Minister/Senator Mr. Ishaq Dar terming it a historical occasion, he sought firsthand views and consensus of the gathering for immediate promulgation of the Companies Bill, 2016 by way of an Ordinance. Mr. Dar accentuated on the need to detach politics from economy. Maximum reforms were introduced in the last three years by the various regulators i.e. Securities and Exchange Commission of Pakistan, State Bank of Pakistan and Federal Bureau of Revenue. He apprised the participants briefly about the performance of the key indicators of the economy during the last 3 years extending to cover i.e. inflation, GDP, interest rate, SBP reserves and import cover.

Mr. Dar emphasized that Pakistan has enormous potential for growth and the key lies in dedication and will. Mr. Dar pledged his all-out support to the Securities and Exchange Commission of Pakistan and other prudential regulators. He also highlighted on the macro-economic stability achieved by coping with the challenges such as dwindling economy, energy crisis and combating extremism. Mr. Dar apprised the gathering that in order to attract foreign investment, it is important for Pakistan's presence in the international markets, i.e. bond market and sukuk markets. In conclusion, he urged upon the participants for magnanimity in working towards raising the sovereignty of the country and making Pakistan into self-reliant state.

Hafiz Muhammad Yousuf, President, Institute of Chartered Accountant on behalf of the fraternity, consultants and other industry professionals appreciated the personal interest and support of the Finance Minister throughout the consultative dialogue process at different forums and assured of his continued support to the Commission in its efforts for improving the governance framework.

The seminar was attended by leading professionals related with the corporate sector, eminent lawyers, chartered accountants, cost and management accountants, office bearers of chambers of commerce and industries, businessmen and other professional and business institutes and bodies.

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

Mr. Masood Naqvi, Chartered Accountant, former Partner, KPMG, former President, ICAP, Hafiz Muhammad Yousuf, President ICAP and Mr. Saeed Ahmed, Deputy Governor, State Bank of Pakistan speaking at the event, briefly highlighted the key features of the draft Companies Bill, 2016.

The seminar focused on bringing awareness about the important features of the Draft Bill and to share the vision of SECP. The major focus of this Draft Companies Bill is the facilitation to the corporate sector and other stakeholders as well as strengthening of the regulatory frame work, maximum emphasis on the use of technology, abolish unnecessary requirements, protection of the interest of shareholders, a softer regime for the companies having no stake of the general public. There is more focus on facilitation to and regulation of Public Sector Companies and protection of interest of creditors.

The main features highlighted at the seminar included the introduction of use of technological advancements by allowing communication between company and its members and the company and the registrar through electronic means, passing of resolution by members through circulation, minimum regulatory requirements for single member companies, added responsibilities for the directors and auditors, additional safeguards for the creditors and investors and improved regime for winding up proceedings.

One of the most significant changes, in line with the other jurisdiction, is that except for the prohibited and specialized businesses, the companies shall be allowed to engage in all the lawful businesses. A simple one page memorandum having principal line of business and prohibitory clauses shall be introduced. One of the big problems of the corporate sector was to allow the appointment of additional director in mid-term, it has been catered. It has also been addressed. Keeping in view the importance of Islamic Finance, the concept of “Shariah compliant company" and "Shariah compliant security" is being introduced. The enabling provisions for the purpose are being added in the new law.

In an increasingly global world, new concepts have been adopted such as specie dividend, mediation and reconciliation, complete regime for the valuation of assets, shifting of jurisdiction to approve the amalgamation of companies, compromises and arrangements from Court to SECP, no approval requirement for amalgamation of wholly owned subsidiaries, e-intermediaries for filing the returns of the companies having no IT infrastructure, qualification requirement for the auditor having the paid up capital of less than Rs.3 million and removing redundant and unnecessary obligations contained in the Companies Ordinance, 1984.

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

## کراچی میں کمپنیز بل ۲۰۱۶ کے نمایاں پہلو اجاگر کرنے کے لئے سیمینار کا انعقاد

## اسحاق ڈار نے سٹیک ہولڈرز کی آراء جاننا ضروری قرار دے دیا۔

اسلام آباد: ۵ ستمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ۵ ستمبر ۲۰۱۶ کو کراچی میں کمپنیز بل ۲۰۱۶ کے مسودے پر ایک قومی درجے کے سیمینار کا انعقاد کیا۔ وزیر خزانہ، اقتصادی امور، شماریات اور نجکاری جناب محمد اسحاق ڈار نے بطور مہمان خصوصی اس تقریب کی صدارت کے فرائض سر انجام دئے۔

وزیر خزانہ نے تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے ایس ای سی پی کے کام کو سراہا اور ایس ای سی پی کے چیئر مین جناب ظفر حجازی کو ایک مدّت سے متوقع قانون پر کام کرنے میں پہل اور اس کو انجام تک پہنچانے پر مبارک باد پیش کی۔ یہ قانون نہ صرف ایس ای سی پی اور سٹیک ہولڈرز کے لئے فائدہ مند ہو گا بلکہ پاکستان کی معیشت پر اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے ۲۰۱۵ میں پچھلے سات برسوں میں بلند ترین جی ڈی پی جو کہ چار اعشاریہ دو چار فیصد ہے، سے معاشی بحالی حاصل کر لی ہے۔ انھوں نے ایس ای سی پی کے زیر انتظام کارپوریٹ قوانین کی مسلسل نظر ثانی کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور ایس ای سی پی کی اعلیٰ انتظامیہ سے کہا کہ وہ مثبت تبدیلیاں لانے سے نہ گھبرائیں اور بین الاقوامی بہترین طور طریقوں کے مطابق اصلاحات لاتے رہیں۔

جناب اسحاق ڈار نے کہا کہ کمپنی بل کو فوری طور پر نافذ کرنے کے لئے سٹیک ہولڈرز کی آراء معلوم کرنا اور ضروری اتفاق رائے قائم کرنا لازمی ہے اُنھوں نے کہا کہ معیشت کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے۔ ایس ای سی پی، سٹیٹ بنک اور ایف بی آر نے گزشتہ تین سالوں میں معیشی اصلاحات کے ضمن میں متعدد قواعد اور قوانین کا اجراء کیا ہے۔ حکومت ایس ای سی پی اور اس نوع کہ دوسرے اداروں کی پوری پوری حمایت جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان

وسائل اور صلاحیتوں سے مالا مال ملک ہے اور اس کا فائدہ اٹھانے کے لئے پوری قومی توجہ اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمہ، میعشت میں استحکام لانے اور بجلی کی پیداوار بڑھانے کے لئے حکومت تمام تر کوشیش کر رہی ہے۔ جناب اسحاق ڈار نے کہا کہ ملک میں بیرونی سرمایہ کاری بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ پاکستان بونڈز (Bonds Market) اور سکوک کی شکل میں بین الاقوامی مارکیٹ میں اپنی موجودگی دکھائے اور مارکیٹ کا نمایاں حصہ بنے۔

اس سیمینار میں کارپوریٹ شعبے، ممتاز وکلاء، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کاسٹ اور مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس، ایوان صنعت و تجارت کے عہدے داران، کاروباری افراد اور دیگر کاروباری افراد اور دیگر پیشہ ور اور کاروباری اداروں اور باڈیز نے شرکت کی۔ جناب مسعود نقوی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، سابقہ شراکت دار، کے پی ایم جی، سابقہ صدر، آئی کیپ، حافظ محمد یوسف، صدر آئی کیپ اور جناب سعید احمد، ڈپٹی گورنر، سٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مختصراً کمپنیز بل ۲۰۱۶ کے مسودے کی نمایاں خصوصیات بیان کیں۔

سیمینار کی توجہ ڈرافٹ بل کی نمایاں خصوصیات کے بارے میں آگہی اور ایس ای سی پی کے تصوّر کو پیش کرنے پر تھی۔ کمپنیز بل کے مسودے کی زیادہ تر توجہ کا پوریٹ شعبے اور دیگر سٹیک ہولڈرز کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انضباطی ڈھانچے کی مضبوطی، ٹیکنالوجی کے استعمال پر زور، غیر ضروری مطلوبات کے خاتمے، حصص داران کے مفاد کے تحفظ پر تھی۔ پبلک سیکٹر کمپنیوں کے لئے سہولت اور ضابطہ سازی اور قرض خواہوں کے مفاد کے تحفظ پر زیادہ توجہ دی جارہی ہے۔

سیمینار میں بیان کی گئی نمایاں خصوصیات میں شامل ہیں برقی ذرائع سے رجسٹرار اور کمپنی اور کمپنی اور اس کے اراکین کے مابین مواصلات کی اجازت بذریعہ ٹیکنالوجی کی پیش قدمی متعارف کرانا، اراکین کی جانب سے تقسیم کے ذریعے

قرارداد کی منظوری، سنگل ممبر کمپنی میں کم سے کم انضباطی ضروریات، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی اضافی ذمہ داریاں، سرمایہ کاروں اور قرض خواہوں کے لئے مزید حفاظت اور اختتام کی کارروائی کے لئے بہتر نظام۔

دوسرے دائرہ کار کے مطابق سب سے اہم تبدیلی ہے کہ سوائے ممنوع اور سپیشلائزڈ کاروباروں کے، کمپنیوں کو تمام قانونی کاروباروں میں حصّہ لینے کی اجازت ہوگی۔ سادہ ایک صفحے کی یادداشت جس میں کاروبار کے اصول اور ممنوعہ شقیں متعارف کرائی جائیں گی۔ کارپوریٹ شعبے کا سب سے بڑا مسئلہ درمیانی مدّت میں اضافی ڈائریکٹر کا تقرّر تھا جس کو سلجھادیا گیا ہے۔ اسلامی مالیات کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ''شریعہ تعمیلی کمپنی'' اور ''شریعہ تعمیلی سکیورٹی'' کا تصوّر متعارف کرایا ہے۔ اس مقصد کے لئے خصوصی اختیار کی شقیں قانون میں ڈالی جارہی ہیں۔

ابھرتی ہوئی عالمی دنیا میں، نئے تصورات اختیار کئے گئے ہیں جیسا کہ سپیشی ڈیویڈنڈ (specie dividend)، میڈی ٹیشن اینڈ ری کنسلی ایشن، اثاثوں کے قدر پیمائی کا نیا نظام، کمپنی کے انضمام کی منظوری کے لئے دائرہ اختیار کی منتقلی، عدالت سے ایس ای سی پی تک مفاہمت اور بندوبست، مکمل طور پر ملکیتی ضمنی کمپنیوں کے انضمام کے لئے منظوری کا کوئی مطالبہ نہیں، آئی ٹی کے بنیادی ڈھانچے سے محروم کمپنیوں کے محاصل جمع کرانے کے لئے ای اینٹر میڈیئریز، تیس لاکھ سے کم اداشدہ سرمایہ کے حامل آڈیٹر کے لئے تعلیمی مطالبہ اور کمپنیز آرڈیننس، ۱۹۸۴ میں موجود غیر ضروری پابندیاں شامل ہیں۔